مختصرات

"عالمگیر تحریک قرآن" کا عنوان مستقل عنوان ہے جسکے تحت مقدس تحریک سے متعلق مقالات سپرد ہوا کریں گے۔

"دنیائے قرآن" میں واقعات قرآن مجید کے متعلق مختصر خبریں درج ہوا کریں گی۔

"قرآن اور اس کی تعلیم" بھی مستقل عنوان ہے جس کے تحت پہلا مضمون "خدا کا فرمان اور ہم" مولانا ابوالخیر محمد خیر اللہ صاحب کا درج کیا جارہا ہے جو خدا کرے مسلمانوں کی تشویق کا باعث بن سکے۔

"ذالک الکتب لاریب فیہ" مولانا سید مناظر احسن گیلانی استاذ جامعہ عثمانیہ کا مضمون ہے انشاء اللہ آپ کے جذبات عالیہ ہر ماہ اسیطرح پیش ہوا کریں گے۔

"ہماری ہمارس اور ہم" ع۔ش۔ ایم۔ لے صاحب کے رشحاتِ قلم کا نتیجہ ہے مسلمانو کیلئے اسی قسم کے مضمون ضروری بھی ہیں اور مفید بھی، ضرورت ہے کہ سنانے والوں ہی کو سنایا جائے اور جو لوگ کچھ کر رہے ہیں انھیں کو حقیقت سے آگاہ کیا جائے۔

"عربی زبان سیکھنے کے لئے قرآن مجید کافی ہے" جناب نواب سیف نواز جنگ بہادر سلطان المکلا کا یہ مضمون علمی بھی ہے اور عملی بھی۔

"تبلیغ کا حکم اور اس کی تعمیل" حاجی محمد موسیٰ خاں صاحب تاولی کا مضمون بھی ہر ماہ ترجمان القرآن میں درج ہوا کرے گا۔

"قرآن کی رہنمائی میں سائنس کے کرشمے" جناب مولوی عبدالرزاق صاحب ایچ۔ سی۔ ایس کا مضمون دلچسپ بھی ہے اور "دنیائے نئی روشنی" کی توجہ کا مستحق بھی۔

علامہ عبداللہ العمادی کی شخصیت محتاج تعارف نہیں "ناسخ و منسوخ" جیسا اہم

اور ساتھ ہی ادبی چاشنی لئے ہوئے، آسان اور عام فہم مضمون کا عطیہ شکریے کا مستحق ہے۔

" حکومتِ الٰہی " اس مستقل عنوان کا حامل ان مضامین کو ہونا چاہیے جس کا فقدان دنیا کی ہر قوم کے لئے عموماً اور عالمِ اسلام کے لئے سب سے بڑی مصیبت کا سبب بنا ہوا ہے، یقیناً انسانیت اس وقت تک امن وسلامتی کا سانس نہیں لے سکتی جب تک اپنے اوپر آسمانی قوانین کا نفاذ نہ کرے اور حکومتِ الٰہی کے تحت نہ آ جائے۔

" عبدیتِ الٰہی " کا مستقل عنوان بھی از ین قبیل ہے، فرعونیت اور نمرودیت کا قلع قمع اسی سے ہوتا ہے اور عبد و معبود کا صحیح تعلق اسی سے قائم ہوتا ہے۔ اور چونکہ انبیاء علیہم السلام کی زندگی اس منزل کیلئے شمعِ راہ ہے اس لئے قرآنی قصے ہر ماہ شائع ہوتے رہیں گے

" محبتِ الٰہی " تحریکِ قرآن کا آخری مقصد ہے "۔ اس کے حصول کے بعد ایک انسان کے لئے اور کچھ باقی نہیں رہ جاتا، اس مقدس عنوان کے تحت مولانا سید شاہ عبدالقادر صاحب صوفی کا عارفانہ اور قابلانہ مضمون " محبت کا مقام " شائع کیا جا رہا ہے جو مسلمانوں ہی کے لئے نہیں بلکہ دنیا کی دوسری قوموں کے لئے بھی ضروری اور مفید ہے۔

" حضرت فضیل بن عیاضؒ " کو بھی اسی عنوان کے تحت رکھا گیا ہے " شہدائے ایمان قرآن " کے ایک درمیانی عنوان کے تحت آئندہ بھی اسی طرح کے تذکرے شائع ہوتے رہیں گے۔ انشاء اللہ

اگر موقع ہوا تو " قرآنی خط و کتابت " کے لئے بھی جگہ نکالی جائے گی جس میں وہ خط و کتابت اور مراسلت شائع ہوگی جس کو تحریکِ قرآن سے کوئی مناسبت ہوگی

مدیر